Economics - 9th Class Urdu Medium Economics Full Book Test

Q1. نعم البدل کی تعریف کریں.

Ans 1: نعم البدل اشیاء کی قسم میں اگر ایک شے کی قیمت چڑھتی ہے تو اس کی متبادل شے کی طلب میں اضافہ ہوتا ہے. اگر بکرے کے گوشت کی قیمت چڑھی گی تو مرغی کے گوشت کی مقدار طلب بڑھے گی. یہاں مرغی کا گوشت بکرے کے گوشت کا متبادل ہے اور سستا ہے.

Q2. قانون طلب کے مفروضات کون سے ہیں. ان کے نام لکھیں.

Ans 1: صارف یا خریدار کی آمدنی - متبادل اشیاء موجود نہ ہوں - پسند اور فیشن - آبادی کا حجم - مستقبل کی توقعات - زر کی مقدار

Q3. مارشل کی تعریف کے اہم نکات تحریر کریں.

Ans 1: 1- معاشیات انسان کے روز مرہ معاملات کا علم ہے. 2- معاشیات کا تعلق انفرادی اور اجتماعی طور پر مادہ لوازمات بنانے سے ہے. 3- معاشیات کا تعلق صرف ان معاشی اعمال سے ہے جو انسان کی مادی خوشحالی کا باعث بنتے ہیں. 4- معاشیات دولت اقوام کا مطالعہ کرتی ہے کیونکہ اس کی مدد سے انسان کو مادی فلاح حاصل ہوتی ہے.

Q4. اشیائے و خدمات کی تعریف کریں.

Ans 1: اشیاء مادی چیزیں ہوتی ہیں جن سے براہ راست انسان کی حاجات پوری ہوتی ہیں اور یہ مزید اشیاء بنانے کے کام آتی ہیں. اشیاء طرح کی ہوتی ہیں

Q5. کل افادہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: یہ کسی شے کی تمام اکائیوں سے حاصل کردہ افادہ ہوتاہے.

Q6. زر کی مقدار سے کیا مراد ہے.

Ans 1: زر کی مقدار زیادہ ہونے سے اشیاء کی مقدار طلب بڑھ جاتی ہے اور زر کی مقدار کم ہونے سے اشیاء کی مقدار طلب گر جاتی ہے.

Q7. خاص وقت سے کیا مرادہے.

Ans 1: رسد کے ساتھ وقت کا حوالہ ضروری ہوتا ہے مثلا روزانہ ، ہفتہ وار یا ماہانہ رسد. یعنی مقدار رسد کا تعین اسی وقت ہوسکتا ہے اگر وقت کی حد بندی کی جائے.

Q8. اشیاء کی اقسام بیان کریں.

Ans 1: 1- نعم البدل اشیاء 2- تکمیلی اشیاء 3- خودمختار اشیاء

Q9. اشیائے پیداوار کی کتنی قسمیں ہیں.

Ans 1: اشیائے پیداوار کی تین قسمیں ہیں. 1- خام مال 2- نیم تیار شدہ اشیائے 3- تیار شدہ اشیائے

Q10. خط طلب کا رجحان کیا ہوتا ہے.

Ans 1: خط طلب کا رحجانوہ عوامل ہوتے ہیں جو کسی مصنوعات یا خدمات کی طلب میں اضافہ یا کمی پیدا کرتے ہیں. یہ عوامل مختلف ہوسکتے ہیں جیسے کسی مصنوعات کی معیار قیمت، دستیابی، ترقی ٹیکنالوجی کا استعمال اس کے علاوہ سماجی، معاشی سیاسی یا فرہنگی مواقع بھی خط طلب کو متاثر کرسکتے ہیں .

Q11. خط طلب کس بات کی وضاحت کرتا ہے.

Ans 1: خط طلب عموما کسی مصنوعات یا خدمات کی موجودگی یا استعمال کی مقدار کو ظاہر کرتا ہے اس کی وضاحت اس بات پر محنصر ہوتی ہے کہ لوگ اس مصنوعہ یا خدمات کی کیا قیمت رکھتے ہیں اور ان کی اس کے لیے کیا مطالبات ہے.

Q12. حاجات کی تعریف کریں.

Ans 1: انسان کو تمام زندگی مختلف مادی اور غیر مادی اشیاء کی ضرورت رہتی ہے. یہی ضروریات حاجات کہلاتی ہیں.

Q13. رسد کی لچک سے کیا مرادہے.

Ans 1: طلب کی لچک کی طرح رسد کی لچک کا تصور بھی معاشیات میں بہت اہمیت رکھتا ہے قیمت کی تبدیلی کی وجہ سے مقدار رسد میں جو متناسب تبدیلی آتی ہے اس کو رسد کی لچک کہتے ہیں.

Q14. نئی تکنیک سے کیا مرادہے.

Ans 1: کبھی کبھی نئی تکنیک کے نتیجے میں بھی کسی شے کی مقدار طلب تبدیل ہوجاتی ہے. اگر کاغذ اور قلم کے بجائے کمپیوٹر پر کتاب جلدی اور بہتر لکھی جاسکتی ہے تو کمپیوٹر کی مقدار طلب میں اضافہ ہوجائے گا.

Q15. معاشی حاجات کی تعریف کریں۔.

Ans 1: یہ وہ حاجات ہیں جن کو پورا کرنے کے لیے پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے. بال کٹوانے کےلیے ہمیں رقم ادا کرنی پڑتی ہے اگر سکول میں بھوک ستائے تو کوئی شے کھانے کے لیے پیسے ادا کرنا پڑتے ہیں.

Q16. رسد کا گوشوارہ تحریر کریں.

Ans 1: پیاز کی قیمت روپوں میں 20 40 60 80

Ans 2: پیاز کی مقدار رسد میں کلوگرام 10 20 30 40

Q17. زہنی جدوجہد سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس کا تعلق دماغ سے ہوتا ہے. ہم کوئی بھی معاشی عمل کرنے سے پہلے اس کا پروگرام بناتے ہیں کہ کس طرح اشیاء خدمت پیدا کی جائیں.

Q18. طلب پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کریں.

Ans 1: پسند نا پسند : اگر آپ کو چاکلیٹ پسند ہے تو آپ کا دوست شاید آئس کرم پسند کرتا ہے. کسی بھی شے کو خواہش کرنے میں انسان کی زاتی ترجیحات اور پسن اہم کردار ادا کرتے ہیں بہت سی اشیاء کی طلب مثلا کپڑے یا بالوں کا انداز ، فیشن کے مطابق تبدیل ہوتا ہرتا ہے.

Ans 2: آمدنی: بہت سی اشیاء کی مقدار طلب آمدنی کے بڑھنے سے بڑھ جاتی ہے مثلا لباس کی خریداری آمدنی کے بڑھنے سے بڑھ جاتی ہے. ایسی ایشیاٗ جن کی مقدار طلب ، آمدنی سے بڑھنے سے بڑھ جاتی ہے ان کو نارمل اشیاء کہتے ہیں.

Ans 3: آبادی: لوگ ہی چونکہ خریدار ہوتے ہیں اس لیے آبادی کے بڑھنے سے طلب بھی بڑھ جاتی ہے مثالکے طور پر لوگ جب دیہات سے شہروں کا رخ کرتے ہیں تو مکانوں ہوٹلوں اور زرائع آمد روفت کی طلب بڑھ جاتی ہے

Q19. قانون رسد سے کیا مراد ہے.

Ans 1: رسد اور قیمت کے باہمی تعلق کو قانون رسد کی مدد سے بہتر طور پر واضح کیا جاسکتا ہے اس کی تعریف اس طرح کی جاسکتی ہے. "اگر کسی شے کی قیمت بڑھ جاتی ہے تو مقدار رسد بھی بڑھ جاتی ہے.اور اگر کسی شے کی قیمت کم جاتی ہے تو رسد بھی کم ہوجاتی ہے جبکہ دیگر حالات تبدیل نہ ہوں"

Q20. طلب کی شرطیں کون سی ہیں.

Ans 1: 1- شے خریدنے کا ارادہ 2- شے خریدنے کی قوت اس لحاظ سے طلب اور قیمت میں ایک مضبوط رشتہ قائم ہوتا ہے ہم اگر خریداری کے لیے بازار جائیں تو کم قیمت والی اشیا زیادہ خریدتے ہیں اور زیادہ قیمت والی اشیا کم خریدتے ہیں.